عابد صاحب کا نام سُنتے ہی پنجاب کی سوندھی مٹی میں گندھی ہوئی ایک دلآویز اور باغ و بہار شخصیت کا تصوّر سامنے آتا ہے۔ پہلی بار سیّد صاحب کا ساقی نامہ پڑھا تو اس کا تموّج و ترنّم رگ و پے میں اُترتا چلا گیا۔ فارسی ادبیات کے طالبِ علم کی حیثیت سے مجھے عابد صاحب کے لیکچرز سُننے کا بھی موقع ملا۔ لیکچر کیا ہوتا تھا نسیمِ جانفزا کا جھونکا تھا۔ ایک جوئے رواں کی مانند اُردو فارسی اور انگریزی کے جملوں کا بہاؤ دیدنی ہوتا، کلاسیکی فارسی شاعری کے تانے بانے سنگتراشی، مُصوّری اور موسیقی سے یُوں ملاتے کہ اجنبیّت کا احساس نہ ہونے پاتا، دن بھر کی تھکن دُور ہو جاتی۔ خود اُن کی سُخن شناسی تو خیر مُسلّم تھی، اپنے شاگردوں میں بھی ذوقِ شعر پیدا کرنے میں انھیں کمال حاصل تھا۔ اکثر اشعار کی تشریح اشعار ہی میں کرتے اور اس انداز سے کہ معانی کے اسرار و رموز خود بخود کھُلتے چلے جاتے۔ اُن کی شخصیت

# پیش لفظ

'میں کبھی غزل نہ کہتا' عابد صاحب کے دو شعری مجموعوں ,شبِ نگار بنداں، اور ,بریشم عود، پر مشتمل ہے۔ عابد صاحب نے اپنی زندگی میں اپنے تیسرے مجموعہ کلام ''دردتہہ جام'' کا مسودہ اشاعت کے لئے کسی کے سپرد کیا تھا میری خواہش تھی کہ یہ بھی دستیاب ہو جائے تو کلیاتِ ,عابد، شائع کروں، مگر باوجود سعی بسیار کے کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ مسودہ تو درکنار پبلشر صاحب کا ہی سراغ نہ ملا۔ مجبوراً کتاب کو موجودہ صورت میں شائع کرنا پڑا۔

سید عابد علی عابد کی ادبی زندگی پر ایک سرسری نظر ڈالی جائے تو یہ دو واضح حصوں میں منقسم نظر آتی ہے۔ ایک جب وہ باقاعدہ ملازمت کرتے تھے اور ذوق ادب فقط ان کے لئے تسکین کا سامان مہیا کرتا تھا۔ اور دوسرا حصہ ملازمت سے فراغت کے بعد جب لکھنا لکھانا گویا عابد صاحب کا اوڑھنا بچھونا بن گیا۔ ۱۹۵۴ سے ۱۹۷۱ تک سترہ سال کی مدت میں انہوں نے تراجم کئے، شعر کہے، تنقید کی کتابیں تحریر کیں، ریڈیو کے لئے ڈرامے اور فیچر لکھے۔ غرضیکہ کوئی صنف ادب ایسی نہ تھی جس کی طرف بھرپور توجہ نہ دی۔ عابد صاحب کا پہلا شعری مجموعہ ,شبِ نگار بنداں، تو ۱۹۵۴ کے فوراً بعد شائع ہو گیا تھا اور اس میں شامل نظمیں اور غزلیں پہلے دور کی ہیں مگر دوسرے مجموعے ,بریشم عود، کا کلام زیادہ تر ایسی غزلوں اور نظموں پر مشتمل ہے جو ۱۹۵۴ اور ۱۹۶۷ کے درمیان کہی گئیں۔

عابد صاحب کی شعری تخلیقات کے حوالے سے کچھ باتیں وضاحت طلب ہیں مثلاً ایک تو یہ کہا جاتا ہے کہ عابد صاحب کے ہاں اشکال بہت ہے اور اس سلسلے میں غالب کے مصرے

شمارِ سبحہ مرغوب بتِ مشکل پسند آیا

کی طرح کا ایک آدھ مصرع یا شعر لکھ دیا جاتا ہے۔ میری حقیر رائے میں عابد صاحب کا نمائندہ کلام بیشتر ایسے اشعار پر مشتمل ہے جو بے حد سادہ اور دلنشین ہیں، سادگی اور پرکاری کی جو مثالیں ان کے ہاں ملتی ہیں وہ ان کے ہم عصر شعراء کے ہاں تلاش کرنی اگر ناممکن نہیں تو دشوار ضرور ہیں۔ نمونہ کلام کے طور پر مشہور غزل ملاحظہ فرمایئے:۔

چین پڑتا ہے دل کو آج نہ کل
وہی الجھن گھڑی گھڑی پل پل
یا کبھی عاشقی کا کھیل نہ کھیل
یا اگر مات ہو تو ہاتھ نہ مل
میرا جینا ہے سیج کانٹوں کی
ان کے مرنے کا نام تاج محل
دم رخصت وہ چپ رہے عابد
آنکھ میں پھیلتا گیا کاجل

اس غزل اور اس نوع کی بے شمار غزلوں اور نظموں کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہنا کہ عابد صاحب مشکل پسند ہیں قرین انصاف نہیں

عابد صاحب کے اسلوب کے بارے میں ہے کہ کہا جاتا ہے کہ وہ روایت پسند شاعر ہیں یعنی گل و بلبل، شمع و پروانہ، اور اس نوع کی دوسری علامات کو ان کے روایتی معنوں میں استعمال کرتے تھے جیسا کہ ناقدین کے قول کے مطابق متقدمین اور متوسطین کے ہاں بہت تھا۔ لیکن یہ بات بھی مولانا حالی کی صدائے بازگشت ہے ہمارے ہاں انتقاد ادب میں ,CLICHES، کو اپنانے کا بہت رواج ہے۔ اس میں گل و بلبل کے استعمال کا قصہ ہے۔ اور ہر علاقے میں لطیف جذبات کو استعاروں اور علامتوں میں بیان کرنے کا رواج ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ یہ عابد صاحب کے بارے میں ایک بہت فروعی سی رائے ہوگی۔ وہ ایک ہمہ جہت شاعر ہیں ان کی شاعری کو پڑھ کر آپ کو احساس ہو گا کہ آپ نے شعری ادب کی تاریخ کا مطالعہ کر لیا ہے۔ ان کے ہاں ذکر گل و بلبل ہے، شمع و پروانہ ہے، گداز و سادگی ہے، ایجاز و اختصار ہے، شوخی بیان ہے نئے زمانے کی اصطلاحات ہیں، خالص مقامی ثقافت کا اظہار بھی ہے۔ غرضیکہ عابد صاحب کسی خاص اسلوب کے پابند نہیں اور ان تمام پابندیوں سے آزاد و بے نیاز ہیں اور اپنے انداز بیان کے لحاظ سے ایسے منفرد شاعر ہیں کہ جن کے صحیح مقام کے تعین کے لئے مستقبل کے قاری، مورخ اور نقاد کی آراء کا انتظار کرنا ہو گا۔

سید مینوچہر

لاہور ۵ مئی ۱۹۹۲

سکوتِ لالہ و گُل سے نُمایاں ہے کہ گلشن میں
سخن سنجوں پہ کیا بیتی غزل خوانوں پہ کیا گزری

غمِ جاناں کی راہوں میں جنھیں کل میں نے دیکھا تھا
غمِ دوراں بتا ان سوختہ جانوں پہ کیا گزری

ابھی سُنتا ہوں میں کچھ اور دنیا میں بھی ہیں عابدؔ
معاذاللہ اسی دنیا میں انسانوں پہ کیا گزری

○

منزلیں اور بھی ہیں اَے دریار
اتنی ہمت نہیں ہے کیا کیجیے

کوئی دل کا نشاں نہیں باقی
درداب تک وہیں ہے کیا کیجیے

اے بُتو، عاشقوں سے خلقِ خُدا
یوں بھی چیں بر جبیں ہے کیا کیجیے

کیسی مشکل ہے ناصحوں کی زباں
دل سمجھتا نہیں ہے کیا کیجیے

دلبری سنگدل ہے کیا کہئے
عاشقی نازنیں ہے کیا کیجیے

تلخ کاموں کا حال کیا لکھیے
زہرِ غم انگبیں ہے کیا کیجیے

لفظ ہیں سب خرابہ ہائے خیال
گنجِ معنی یہیں ہے کیا کیجیے

اپنے خوں میں نہائیے کب تک
ہر گہر تہ نشیں ہے کیا کیجیے

تار سب زندگی کے اُلجھے ہیں
ہم کہیں، دل کہیں ہے کیا کیجیے

آج باوصفِ گریۂ پیہم
ہر نفس آتشیں ہے کیا کیجیے

(۳)

غزل کہتا ہوا پھر عابدؔ دیوانہ آ پہنچا
اٹھا ساقی سبُو محفل سے خود میخانہ آ پہنچا

صدا آنے لگی سازِ محبت کے ترانوں کی
سُن اے افسانہ خواں! خود حاصلِ افسانہ آ پہنچا

کوئی کہہ دو یہ جا کر ماہ پیکر نازنینوں سے
چراغِ دلبری روشن کرو، پروانہ آ پہنچا

چلو، اے ہمدمو پردے اٹھائیں بزمِ خوباں کے
دیارِ ناز میں پھر عشقِ بے باکانہ آ پہنچا

خرد سہمی ہوئی اک گوشۂ ویراں میں بیٹھی ہے
جنوں عابدؔ بہ شان و شوکتِ شاہانہ آ پہنچا

# پیشِ لفظ

۳۴-۱۹۳۳ء کی بات ہے میں لاہور کے ایک کالج میں بی اے کا طالب علم تھا۔ مولانا تاجور مرحوم کے ادبی دنیا میں عابد صاحب کا ساقی نامہ شائع ہوا۔ اور لاہور کی ادبی فضا پر چھا گیا۔ میں اتنا متاثر ہوا کہ چند دوستوں کو لے کر دیال سنگھ کالج پہنچا جہاں عابد صاحب فارسی کے استاد تھے۔ دور سے زیارت کی بات کرنے کی جرأت نہ ہوئی انہیں پتہ بھی نہ چلا اور میں ادب و احترام سے ان کا مجسمہ دل میں اٹھا لایا۔ یہ زمانہ وہ تھا، جب شاعرِ مشرق کے فکر و نظر نے سارے ملک کا احاطہ کر رکھا تھا۔ ان کے نور کے سامنے تمام چراغ ماند پڑے تھے، داغ و امیر کا رنگ اُڑ چکا تھا۔ ہاں اس رنگ کو برقرار رکھنے کے لئے دلّی میں بیخود، سائل اور شاعر آگرہ میں سیماب اور دکن میں جلیل بدستور کوشاں تھے۔ غزل اور نظم دونوں میں لفظی الٹ پھیر محاورہ بندی اور صناعی کے خلاف، آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ اسی ردِ عمل نے جہاں غزل میں حسرت موہانی، فانی بدایونی، اصغر گونڈوی، یاس یگانہ اور جگر مراد آبادی کو فروغ دیا تھا۔ وہاں نظم میں اقبال کے معاصرین میں حفیظ جالندھری جوش ملیح آبادی، ملی اختر حیدر آبادی، اختر شیرانی، روش صدیقی، احسان دانش، ساغر نظامی اور دوسرے بے شمار شعرا کو مقبول بنا دیا تھا۔

لاہور اس ردِ عمل کا گہوارہ تھا۔ اردو یہاں کی علمی اور ادبی زبان تھی، پنجابی مادری زبان ضرور تھی، لیکن اس کی شاعری مغربی اثرات اور نئی تعلیم کے سامنے ٹھہر نہ سکی اس پر اقبال کی عظمت اور گرفت، گویا اس سرزمین سے ابھرنے والے پرموزوں طبع نوجوان کو فرصت ہی نہ تھی کہ پنجابی کو اپنی فکر و خیال کے اظہار کا وسیلہ بنانے کی ضرورت ہی کو محسوس کرے۔ ہاں اسے پنجابی مزاج نے ورثتاً دو نعمتیں ودیعت کی تھیں جو اس کے اپنی راہ ہموار کرنے اور اپنا انداز پیدا کرنے کے لئے بہت مفید ثابت ہوئیں ایک تو یہ کہ جذبہ اور اس کا پیرایۂ اظہار سچا ہو اور دوسرے یہ کہ لفظ کے ان روائتی معانی سے اجتناب کیا جائے جو اُردو نے قلعہ معلّٰے اور دلی لکھنؤ کے گلی کوچوں سے اکٹھے کئے تھے، اسی مزاج نے بالغ ہوتے ہی یہ بھی محسوس کر لیا کہ اگر عربی اور فارسی ادب سے نفظ استعارلی جا سکتی ہے تو انگریزی زبان سے بھی، جو حاکم کی زبان ہونے کی وجہ سے حکم کا درجہ رکھتی تھی، (اظہار و بیان کے) زندہ عناصر مانگ لینے میں کوئی قباحت نہیں۔

تو لاہور اس ردِ عمل کا گہوارہ تھا۔ یہاں کے کالج نئے شعور کو پروان چڑھا رہے تھے۔ اور حسن اتفاق سے ان کالجوں میں فارسی اردو کے بعض استاد خود خوش فکر اور قابل قدر شاعر تھے۔ دیال سنگھ کالج میں عابد صاحب اور مولانا تاجور نجیب آبادی مرحوم گورنمنٹ کالج میں صوفی تبسّم صاحب اور اسلامیہ کالج میں ڈاکٹر تاثیر مرحوم اپنی ذات میں انجمن تھے۔ کالج سے نکلے تو ابوالاثر حفیظ جالندھری، اختر شیرانی مرحوم، احسان دانش، چراغ حسن حسرت مرحوم اور دوسرے مقبول و معروف شعرا اسی شعور کی دستگیری کرنے کے لئے موجود تھے۔ اس پر نامی ادبی رسائل انجمنیں اور محفلیں، گویا اردو کی روایتی غزل اور ملمع سازی کے خلاف ایسا محاذ قائم ہو گیا، جس نے نہ صرف قدامت کی کھوکھلی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا بلکہ نئی زمینوں کو بھی دریافت کیا اور ان میں متعدد

نوآبادیاں تمام کر دیں۔

اس محاکمے سے میری مراد نئے شعور اور نئے شعر کا سراغ لگانا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ اس میں عابد صاحب کا مقام متعین کر دوں۔ عابد صاحب ایک شاعر ہی نہیں ایک دور ہیں۔ ان کا شعر اور شعور انہی کے ہاں نہیں ان کے دور میں بھی رچا بسا ہے انہوں نے اپنے ہمعصروں اور طالب علموں کے سامنے فکر و نظر کے پیکر اس طرح تراش کر رکھے کہ ہر ایک ان سے بقدرِ استطاعت و ظرف متاثر ہوتا چلا گیا۔ اُن کی اُونچ اور بالغ نظری سے مجھے بھی حصہ وافر ملا ہے اور یوں میں انہیں اپنا استاد مانتا ہوں۔

میری ان سے پہلی ملاقات ۱۹۳۹ء کے اواخر میں ہوئی۔ ان کے خلوص اور بے لوث اندازِ فکر نے مجھے گرویدہ کر لیا۔ میں ان کی خدمت میں اکثر و بیشتر حاضر ہونے لگا۔ پھر وہ حلقۂ اربابِ ذوق میں تشریف لانے لگے۔ ان کی مبصرانہ صلاحیتوں، ناقدانہ نظر اور شاعرانہ عظمت کے ہم سب قائل تھے۔ اس پر لطف یہ کہ بزرگی، مطالعہ، مشاہدہ اور عالمانہ عظمت کے باوجود وہ کسی قید اور حد بندی کو قبول نہ کرتے تھے۔ وہ ہم میں ہم جیسے ہو کر رہتے۔ مشورہ دیتے تو ایسے، جیسے پوچھ رہے ہوں اور یوں ہمارے دلوں اور ذہنوں میں سرایت کرتے چلے گئے۔

قیوم نظر دیال سنگھ کالج ہی سے فارغ التحصیل ہو کر نکلے تھے اور یوں انہیں عابد صاحب کا شاگرد ہونے کا فخر بھی حاصل تھا۔ یہی نہیں انہیں عابد صاحب ہی نے نظر بنایا تھا۔ عابد صاحب ہی کے "تتبع میں انہوں نے ساقی نامہ لکھا تھا۔ اس کے باوجود عابد صاحب نے انہیں دوستی ہی کے مقام پر رکھا اور آج بھی ہم سب دوست ہیں۔ میں اسے عابد صاحب کی عالی ظرفی پر محمول کرتا ہوں، ورنہ دوستی کے اہل ہم لوگ نہ جب تھے نہ اب ہیں۔ وہ آج بھی اسی استادانہ منصب پر فائز ہیں ہم آج بھی ان سے سیکھتے ہیں اور

یہ فاصلہ عمر بھر یونہی قائم رہے گا۔ بریشم عود کا پیش لفظ لکھنے کا حکم ملا، تو میں اسی فاصلے سے لرزا، مجھے قلم اٹھانے کی جسارت نہ ہوتی تھی، لیکن عابد صاحب کی "دوستانہ نظر" پھر آڑے آگئی اور میں نے فخر سمجھ کر سر تسلیم خم کر دیا۔

عابد صاحب نے فارسی اور اردو کے استاد کی حیثیت سے ایک عمر گزاری ہے۔ ان زبانوں کے علوم و ادب ان کی طبیعت میں رچ بس چکے ہیں۔ چنانچہ استاد کی حیثیت سے ان کی نگاہ لفظ و معنی پر برابر کی پڑتی ہے۔ انہوں نے لفظ کو معنی سے جدا کر کے بھی دیکھا ہے اور ڈبو کر بھی:۔

کتنے وحشی ہیں غزالاں خیال لفظ معنی سے جدا ہے اب تک

انہیں لفظ کے اتنے تلازمے اور خیال کے اتنے پیرائے دکھائی دیتے ہیں جتنے بالعموم آج کے شعرا کی نگاہوں میں نہیں ہوتے وہ طبعاً حسن پرست ہیں۔ لیکن بیدار مغزی ان کا کیش ہے، چنانچہ اپنی عاشقانہ افتاد طبیعت کے باوجود وہ اپنے تاثر میں بہہ نہیں گئے، وہ اپنے مقام پر قائم رہتے ہیں اور حسن کو مجبور ادا کرتے ہیں انہوں نے حسن کو عشق پر مائل کر کے تماشا کیا ہے اور اس کا اظہار لفظ و معنی کی جادوگری سے کیا ہے جو اردو شاعری میں ایک منفرد آواز کا درد رکھتا ہے۔:

پیکر گرِ خیال ہے آئینہ جمال

جب چاہوں ان کی بزم تماشا دکھائی دے

عابد صاحب کی طبیعت میں نغمہ بسا ہے میں نے پچیس برس میں انہیں گاتے بجاتے نہیں دیکھا، لیکن نغمے سے ان کے والہانہ شغف اور بے پناہ ربط کو ہمیشہ محسوس کیا ہے۔ مشرقی موسیقی اور موسیقاروں کے فن پر اُن کی نظر بہت گہری پڑتی ہے اور جب یہ نظر لوٹ کر اپنے محبوب کے جمال سے ہوتی ہوئی شعر کی وادی میں داخل ہوئی تو یہاں بھی نغموں کے پھول بکھیرتی چلی گئی۔ شعر کے کلاسیکی مزاج میں کلاسیکی موسیقی کا

رچاؤ عجب بہار پیدا کرتا ہے۔ میں نے اس معاملے میں بھی عابد صاحب کو اپنے معاصرین سے ممتاز دیکھا ہے ان کی غزل میں لفظ پرندے بن کر اڑتے ہیں، چہچہاتے ہیں دورِ فکر کی شاخوں پر رنگ و بو بن کر آ بیٹھتے ہیں۔ لفظ کی کشش اپنی طرف کھینچتی ہے، خیال کی رو اپنے ساتھ بہاتی ہے اور دونوں کے امتزاج سے جو نغمہ پھوٹتا ہے، وہ رُوح میں دوڑنے لگتا ہے۔ چنانچہ پوری غزل بھی خیال کی اکائی بن جاتی ہے، جو اپنی بوقلمونی سے متاثر کرتی ہے اور کبھی گلدستہ بن کر فکر و نظر کو سرشار کر دیتی ہے مثلاً

رات کو اضطراب تھا، کیا تھا
دیر تک پیچ و تاب تھا، کیا تھا

شام تا شام صبح تھی، کیا تھی
صبح تا صبح خواب تھا، کیا تھا

کتنے روشن تھے گوشہ ہائے خیال
ہر طرف آفتاب تھا، کیا تھا

دھوپ میں نور، نور میں خوشبو
مہر تھا، ماہتاب تھا، کیا تھا

صورت نکہت عروس، خیال
شام سے بے حجاب تھا، کیا تھا

جلوہ گر تھا سخن بغیر کلام
کوئی محو خطاب تھا کیا تھا

اس غزل میں ردیف یوں اُبھرتی ہے، جیسے طبلے پر تھاپ پڑتی ہو۔ لیکن ہر جگہ معانی کے ساتھ عجیب چھیڑ چھاڑ کرتی چلی جاتی ہے۔ ہر جگہ خیال کی نزاکتیں، لفظوں کی تہوں سے پھوٹ پڑتی ہیں اور زنجیر بناتی ہوئی قاری کے لاشعور کو گرفت میں لیتی چلی جاتی ہیں۔ چنانچہ پوری غزل پڑھ چکنے کے بعد دل و دماغ دونوں پر ایک کیفیت طاری ہو جاتی ہے، جسے محسوس کیا جا سکتا ہے۔ ہاں سمجھنے کے لئے اپنے ہی دل کی گہرائیوں میں ڈوبنا پڑے گا کہ تاثر کا ادراک ذہنی نہیں ہوتا ہے، اگر ہوتا ہے تو سطحی اور وقتی ہوتا ہے لیکن اس کا اطلاق عابد صاحب کی غزل پر نہیں ہو سکتا۔ وہ ایسے جابکدستِ فنکار ہیں کہ ان کے ہاں خیال اور اظہار اتنے آراستہ اور پیوستہ ہوتے ہیں کہ انہیں ایک دوسرے سے الگ

دیکھا ہی نہیں جاسکتا۔ چنانچہ فرماتے ہیں ؎

ساز خیال چھیڑ کے سُن لیجیے ہمیں
محفل میں ہیں تموّج صوت شنیدہ ہم

عابد صاحب نے مطالعۂ ادب میں ایک عمر گذاری ہے۔ وہ فارسی اور اردو کے استاد ہیں لیکن انگریزی ادب پر ان کی نظر کچھ سرسری نہیں حسن جہاں بھی ہو، اور جیسا بھی ہو انہیں مرغوب ہے شیلے، کیٹس، بائرن، براؤننگ۔ غرض کہ تمام مغربی شعراء جن کے ہاں احساس جمال نمایاں ہے۔ انہیں پسند ہیں لیکن یہاں بھی ان کی پسند تاثر کا لباس اوڑھ کر انہیں اپنے ساتھ نہیں لے جاتی وہ مشرق کے دل میں سے اُبھرے اور چٹان بن کر قائم ہو گئے۔ اردو اور فارسی تغزل ان کی روح میں جولاں ہے انگریزی شعریت کی سطحیت ان کے قدم چومتی ہے اور دل تک نہیں پہنچتی۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اردو اور فارسی کی کلاسیکیت میں جہاں محبوب خاک کا پتلا کم ہی ہوتا ہے وہاں عابد صاحب کا محبوب اپنی تمام رعنائیوں اور دل آویزیوں کے ساتھ بے حجاب بھی ہے، اور حجاب میں بھی ہے۔ ؎

وہی ڈھکے ہوئے رخسار وہی روپ سنگار
تیری سج دھج کا سمن زار، چمن ہو جیسے
چشم حیراں کو تیری شکل دکھائی دی تھی

وہی لہجے کا سجل پن وہی باتوں کی مٹھاس
دل میں پوشیدہ کہیں کوئی لگن ہو جیسے
گوشِ دل کو تری آواز سنائی دی تھی

نکہت و ناز کے یہ جال کہاں دیکھے تھے۔

پہلے مہکے ہوئے یہ بال کہاں دیکھے تھے

پہلے یہ زلفِ جنوں خیز کہاں دیکھی تھی

جلوہ آرائی کا اعجاز کہاں دیکھا تھا

پہلے یہ روئے فسوں ساز کہاں دیکھا تھا

پہلے یہ شکل دل آویز کہاں دیکھی تھی

الفاظ کی زنجیر بنا کر فکر و نظر کو پہنانا عابد صاحب کے تغزّل کا خاصہ ہے ان کی غزل ہو یا نظم ہر جگہ ایک مربوط ترنم قاری کو گھیر لیتا ہے اور ہر جگہ روح تغزّل کارفرما ہے مجھے تو ان کا کلام پڑھتے ہوئے بار بار محسوس ہوتا ہے کہ اردو اور فارسی شعر نے بیسویں صدی میں ہم آہنگ ہو کر ایک پیکر ڈھالا ایک بت تراشا اور اس کے قالب میں جلترنگ بن کر بجنے لگا۔ یہ فن کار عابد ہے اور یہ جلترنگ بریشم عود ہے ہاں ان غزلوں کا محبوب خیالی نہیں۔ گوشت پوست کا انسان ہے اس کا ہجر، اس کا وصال، اس کی صحبت اس کی گویائی، اس کا تبسم اور اس کی نگاہ دل نشیں۔ ہر بات ایک حقیقت ہے اور ہر حقیقت دل آویز و دل رُبا۔

میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ عابد صاحب کے ہاں لطافت خیال کو لفظوں کی فسوں گری سے جدا نہیں کیا جا سکتا کہ اس کو انہوں نے "اپنا فن" ٹھہرایا ہے۔ الفاظ خیال کا لباس ہیں اگر قامت خیال پر الفاظ چست نہ ہوں، موزوں نہ ہوں، عمر اور مزاج کے مطابق نہ ہوں، تو خیال دوسرے کے ذہن تک رسائی حاصل نہیں کر سکے گا اس معاملے میں وہ صناع ہیں کہ ان کی نادرہ کاری اور نازک مزاجی کے امتزاج نے الفاظ کو پتھر سے نگینہ بنا کر مناسب اور متناسب کیا اور خیال کے خالص سونے پر یہ جڑاؤ کام اور بھی دیدہ زیب ہو گیا۔ قافیے کا استعمال ان کے ہاں خاص معنی رکھتا ہے اور ردیف ہر جگہ اپنی معنویت

کا ایک مخصوص انداز لئے ہوئے آتی ہے کہیں وہ گنگناتی ہے کہیں تھاپ بن جاتی ہے۔ کہیں نغمے کو ابھارتی ہے اور کہیں خیال سے پیوست ہو جاتی ہے :

اثر کا نام نہ لو دوستو، خدا کے لئے
ملے تو مانگ نہ لوں آہ نارسا کے لئے

جو دلبری کا یہ عالم رہا تو اے شوخی!
کوئی کرشمہ نہ چھوڑے گی تو حیا کے لئے

مُقدّرات کی تقسیم جب ہوئی عابدؔ
جو غم دیئے نہ گئے تھے وہ میں نے جا کے لئے

یہاں میں نے دانستہ اس غزل کے وہ شعر لئے ہیں جن میں ردیف الگ الگ مفہوم لے کے آئی ہے۔ یہی کیفیت اکثر و بیشتر غزلوں میں ہے۔

اس مجموعے میں عابد غزل گو و سخن سرا "بے نوا" بن کر بھی ابھرے ہیں وہ شاعر جو محبوب سے غمزہ و عشوہ و ادا روایتی طور پر طلب کرے، اور اس کے جوہر وفا کو اپنا حق جانے، دنیا سے نکل کر دین کی وادی میں پہنچا تو بے نوا ہو گیا کہ اس وادی کی نوا ہی بے نوائی ہے۔ خدا کی بارگاہ میں انسانی عظمت عجز و بندگی میں ہے اور حضور سرکار دو عالم معراج اس محبت میں ہے جو کہہ سکے۔

لائی ہے آج نکہت سرکار دو جہاں
اے صحن باغ! موج صبا کو سلام کر

لیکن نظم ہو یا غزل عابد صاحب بالطبع غزل کہتے ہیں ان کے ہاں کیفیت و مضمون کے اعتبار سے وہ بے جا قافیہ بندی اور پیوند نہیں جو قدیم غزل کا خاصہ ہیں۔ ایک ہی غزل میں ہجر کا رونا اور وصال کا عالم بہم پیش کرنا خلاف واقعہ بھی ہے اور خلاف اظہار بھی اور عابد صاحب اپنے مزاج سے مجبور ہو کر بھی اسے قبول نہیں کر سکتے۔ ان کے ہاں بیشتر

غزلوں میں ایک فضا، ایک بڑھتا ہوا تاثر، ایک پھیلتا ہوا تصور، ایک جولاں خیال کا عالم ہوتا ہے۔ اس اعتبار سے بیشتر غزلوں کو نظم کہیے اور ہر شعر کے مزاج اور تیور دیکھئے تو ٹھیٹ غزل اور ایسی غزل جس پر عابد صاحب کی اپنی چھاپ بھی موجود اور نقد تغزل کی مہر بھی ثبت۔ نظموں میں بھی یہی بات کہ تسلسل خیال اور فکر مربوط کے ساتھ غزل کی سی چاشنی بھی اور زبان بھی۔

اقبالؒ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

ناگہاں نور میں نہلائے گئے دشت و دمن
فکر اقبال کا مہتاب ہوا جلوہ فگن
ہو گئے بزم تماشا کے دریچے روشن

ناگہاں صحن گلستاں میں چلی بادِ بہار
ہوگیا ہر گل تر صورت ئے سینہ نگار
مل گئی بلبل و قمری کو زبان گفتار

ملاحظہ فرمایا آپ نے۔ فکر اقبالؒ کو بھی عابد غزل خواں نے محبوب بنا کر سجایا اور ایسی فضا میں پیش کیا، کہ اس کا حسن اور بانکپن پوری طرح نکھر آیا اور اس نظم کا آخری بند تو مجھے فکر عابد پر چست دکھائی دیتا ہے

حرف کے سینۂ یخ بستہ میں روشن ہوئی آگ
لفظ کی صوت سخن ساز سے پیدا ہوئے راگ
کہہ دیا فکر نے لیلائے معانی سے کہ جاگ!

ستم ہو گا اگر 'ساقی نامہ' کا ذکر نہ کروں، کہ ساقی نامہ عابد صاحب کی خاص چیز ہے اردو شاعری میں اقبالؒ کا "ساقی نامہ" بڑا مقام رکھتا ہے لیکن اقبالؒ کے فکر نے گوارا نہ کیا کہ فارسی "ساقی نامہ" سے مستعار لے کر اس رنگ سخن کو اپنے لہو میں ڈبوئے بغیر چھوڑ دے۔

چنانچہ اقبالؒ کا ساقی نامہ اپنے دور پر بھی تبصرہ ہے اور اپنی خودی کا پرچار بھی۔ اس کے برعکس عابد صاحب نے اپنے ساقی ناموں کو مے کدے سے باہر نہیں نکلنے دیا اس لئے کہ:-

خرد ہے زمانے میں دامن کشاں      اٹھا ساقیا ساغر گلفشاں

اس مجموعے میں "ساقی نامہ" ایک ایسا سراپا لئے ہوئے ہے۔ جو مدتوں یادگار رہے گا۔ مصرعوں کی اٹھان سے عشوہ و ناز کی ترک تازیاں یوں گلے مل رہی ہیں، کہ تصور اور ذوق شعر دونوں مسحور ہوئے جاتے ہیں۔ سچ کہتے ہیں۔

مرے لفظ ہیں راز دار غنا      مری بات ہے شعر کی آبرو

ہمیں جانتے ہیں زباں آورد!      کیا کرتے ہیں جی سے جو گفتگو

اس مجموعے کے آخر میں عابد صاحب نے اپنی انفرادیت اور نکتہ دانی سے ایک اور میدان مارا ہے، جسے اکثر و بیشتر شعرا اپنے کمال کے معانی گردانتے ہیں آپ نے "اوایل مشق و تقلید" کا ایک باب کھول کر اپنے فنی ارتقا اور مشق سخن کے مراحل کو بھی پیش کر دیا ہے اور یہ بھی دکھا دیا ہے کہ اپنی منزل پر پہنچنے کے لئے انہوں نے اپنے پیشروؤں اور معاصرین کے نقوش قدم کو بھی رہنما جانا اور ان کے چراغوں میں اپنا چراغ روشن کرنے کو بھی عیب نہیں سمجھا۔ حق ہے کہ منزل سے محبت ہمسفروں کو بھی محبوب بنا دیتی ہے عابد صاحب کے دل میں جو محبت موجزن ہے اس نے دشمنوں کو بھی دوست ٹھہرایا ہے دوست تو خیر دوست ہوتے ہیں۔ امیر خسروؒ کی زبان میں یوں کہیے۔

غمے دارم کہ باد از دوستاں دور

بحق دوستی از دشمناں ہم

چند ماہ ہوئے جب میں لاہور تبدیل ہو کر آیا تو عابد صاحب نے مجھے اور قیوم نظر کو اپنے ہاں آنے کی دعوت دی۔ ان کی محفل آرائیوں کے پیش نظر میں نے

○

اثر کا نام نہ لو دوستو! خدا کے لئے
ملے تو مانگ نہ لوں آہ نارسا کے لئے

کہاں تک اے لبِ نوشینِ یار، سحر و فسوں
رہی نہ بات کوئی چشمِ سُرمہ سا کے لئے

جو دلبری کا یہ عالم رہا تو اے شوخی،
کوئی کرشمہ نہ چھوڑے گی تو حیا کے لئے

لرز رہا تھا مرے دل میں ایک قطرۂ خوں
سنبھال کر اُسے رکھّا تری حنا کے لئے

قسم ہے ذوقِ نظر کی کہ ہو گئی مخصوص
بہارِ لالہ و گُل تیرے نقشِ پا کے لئے

مُقدّرات کی تقسیم جب ہوئی عابدؔ
جو غم دیئے نہ گئے تھے وہ میں نے جا کے لئے

○

عجب نہیں جو محبت مری سرشت میں ہے
یہی شرارِ نہاں، رُوحِ سنگ و خشت میں ہے

نہ بجلیوں کو خبر ہے نہ خوشہ چیں کو پتہ
کہ اک نہالِ تمنّا ہماری کشتِ بن ہے

یہ رنگ و نور کے نغمے یہ دلکشا جلوے
صنم کدے ہیں کہ ذوق نظر بہشت میں ہے

ابھی نگاہ پہ ہیں رسم و وہم کے پردے
ابھی خیال طلسمات، خوب و زشت میں ہے

حرم کے دیدہ وردں سے پتہ ملا عابدؔ
کہ ڈھونڈنے جسے نکلے ہو وہ کنشت میں ہے

○

دن ڈھلا، شام ہوئی، پھول کہیں لہرائے
سانپ یادوں کے مہکتے ہوئے ڈسنے آئے

وہ کڑی دھوپ کے دن، وہ تپشِ راہِ وفا
وہ سوادِ شبِ گیسو کے گھنیرے سائے

دولتِ طبعِ سخن گو ہے امانت اس کی
جب تری چشمِ سخن ساز طلب فرمائے

جستجوئے غمِ دوراں کو خرد نکلی تھی
کہ جنوں نے غمِ جاناں کے خزینے پائے

سب مجھے مشورہ ترک وفا دیتے ہیں
ان کا ایما بھی ہو شامل تو مزا آ جائے

کیا کہوں دل نے کہاں سینت کے رکھا ہے اسے
نہ کبھی بھولنے پاؤں نہ مجھے یاد آئے

میں نے حافظ کی طرح طے یہ کیا ہے عابد
"بعد ازیں مے نہ خورم بے کف بزم آرائے"

○

بے کراں درد کی دولت کبھی ایسی تو نہ تھی
جیسی اب ہے مجھے وحشت کبھی ایسی تو نہ تھی

اضطرابِ غمِ فُرقت کبھی ایسا تو نہ تھا
بے تکلّف مری حالت کبھی ایسی تو نہ تھی

ڈس لیا روز کی تنہائی نے ورنہ مجھ کو
محفل آرائی کی فرصت کبھی ایسی تو نہ تھی

ہیں پریشانیٔ خاطر کے قرینے تھا لیکن
گیسوئے یار کی صورت کبھی ایسی تو نہ تھی

یادِ نے آج سجائی ہے وہ محفل کہ نہ پوچھ
ورنہ انوار کی طلعت کبھی ایسی تو نہ تھی

ہمدمو! دیکھتے ہو تابشِ مہتاب خیال
چاندنی شام سعادت کبھی ایسی تو نہ تھی

نکہت دلنواز کے جلوے کبھی ایسے تو نہ تھے
رامش و رنگ کی نکہت کبھی ایسی تو نہ تھی

نوکِ نشتر کی ہو پیوست رگِ جاں ہر دم
وضعِ آدابِ محبت کبھی ایسی تو نہ تھی

کبھی سنکے جو ہوا پھول گلے ملتے تھے
بے ثمر شاخ رفاقت کبھی ایسی تو نہ تھی

تجھے غیروں پہ بھروسہ کبھی اتنا تو نہ تھا
مجھے اپنوں سے شکایت کبھی ایسی تو نہ تھی

اب تو آنکھیں مری بے خواب ہیں راتیں بیتاب
روز افزوں تری چاہت کبھی ایسی تو نہ تھی

جیسے جانا مرا مطلوب تھا ظالم کو مگر
جیسے جانے کی اذیّت کبھی ایسی تو نہ تھی

میں بھی تھا گردشِ دوراں سے پریشاں عابدؔ
روز کی ایک مصیبت کبھی ایسی تو نہ تھی

○

کیوں نہ گلزار میں ہو میری نوا آوارہ
سبزہ بیگانہ ہُوا بادِ صبا آوارہ

تجھے منظور ہے اے عصمتِ مریم کی مثیل!
ہوں تیرے شہر میں اربابِ وفا آوارہ

موجِ خوں ایک مرے سینے میں تھی پردہ نشیں
لب پہ آئی تو ہوئی آہ رسا آوارہ

خس و خاشاک نہ دیں میرے نشیمن کا سُراغ
لاکھ ہو شعلہ فشاں برقِ بلا آوارہ

کیا بتائیں تمہیں اے ہم نفسو! اپنا مقام
یا مقیمانِ درِ یار ہیں یا آوارہ

عابدؔ شعبدہ پرداز کو سب جانتے ہیں
تیرے کوچے کا غزل گوئے گدا آوارہ

شب کی صبر آزمائیاں توبہ
صبح کی نارسائیاں توبہ

رات دن اضطراب کا عالم
پہلے پہلے جدائیاں توبہ

وہ مرا ضبطِ غم وہ دیدۂ نم
منہ پہ اڑتی ہوائیاں توبہ

وہ نصیحت گری وہ چپ میری
ہم دموں کی دہائیاں توبہ

بات بنتی نہیں تمنا کی
فصل ہوں یا رسائیاں توبہ

راہ کٹتی نہیں محبت کی
وصل ہو یا جدائیاں توبہ

کس طرح تھک کے دل میں بیٹھ گیا
غم کی آزردہ پائیاں توبہ

دل سے جاتا نہیں ہے یہ مہماں
درد کی بے حیائیاں توبہ

ایک کو تو صبح و شام کا رونا
دوسرے جگ ہنسائیاں توبہ

ایک بت کے لئے خدا کی لگن
بے تکی پارسائیاں توبہ

ایک صبح وصال کی خاطر
رات بھر جبہ سائیاں توبہ

تم نے کیسی سُنی مری بپتا
میری آنکھیں بھر آئیاں توبہ

پیرہن ہے بدن سے رنگیں تر
ناز کی خود نمائیاں توبہ

آستینوں میں شمع روشن ہے
کندنی سی کلائیاں توبہ

اس قدر بے نیازیاں اللہ
اس قدر کج ادائیاں توبہ

میٹھی میٹھی سہاونی باتیں
ظاہری خوش نمائیاں توبہ

تیکھی چتون کی بس بھری گھاتیں
معنوی کج ادائیاں توبہ

اے بتو بس کرو خدا کے لیے
اتنی بے اعتنائیاں توبہ

دل نہ ٹوٹا کسی طرح عابد
غم کی زور آزمائیاں توبہ

○

یا نوائے آتشیں جا بد غزل خوانوں کے ساتھ
یا طواف شعلہ زار شمع پروانوں کے ساتھ

شام ہجراں چاندنی کی جھانجھریں پہنے ہوئے
رات کی نیلم پری جاگی ہے دیوانوں کے ساتھ

شاید ان میں کوئی صورت آشنا اپنا بھی ہو
روز تھوڑی دور ہم چلتے ہیں بیگانوں کے ساتھ

کوئی سمجھاؤ بھی دیوانوں کو رمز سوز و ساز
کوئی جاؤ بھی حضور شمع پروانوں کے ساتھ

رات کا خواب پریشاں مجھ کو اب تک یاد ہے
جل رہا تھا طاق کسریٰ بھی شبستانوں کے ساتھ

موج ہائے نور کے دریا میں تھا سیلابِ رنگ
رات کو گردش میں تھے فانوس پیمانوں کے ساتھ

کوئی جانے تیری بزمِ ناز کے راز و نیاز
رات بھر جلتی رہی قندیل پروانوں کے ساتھ

اپنے اپنے آبگینے سب کو ہوتے ہیں عزیز
ہم نشینو کون چلتا ہے گراں جانوں کے ساتھ

آئی جب دشتِ وفا سے نکہتِ نخلِ جنوں
بے تکلف ہو لئے سب لوگ دیوانوں کے ساتھ

بار تھا ذوقِ نظر عرضِ ہنر تھا دردِ سر
کٹ گئی کٹنے کو عابدؔ عمر انسانوں کے ساتھ

شامل کارِ شامِ غم گیسوئے یار ہی تو تھا
صبح ہوئی تو کھل گیا گیسوئے یار کا بھرم

آنکھیں پھیر دی گئیں دیدہ ورو سلائیاں
دستِ گدا میں ایک دن دیکھ لیا تھا جامِ جم

دائرۂ حیات ہے رسم و رہ صنم گری
نقطۂ اولیں صنم، منزلِ آخریں صنم

عابدِ سحر کار نے لاکھ جتن کیے مگر
دشتِ غزال کے خیال کر ہی گئے غزل سے رم

○

ہم زباں چپ ہو گئے ہم داستاں چپ ہو گئے
کیسے کیسے محفل آرا ناگہاں چپ ہو گئے

آرزو کے دشت و صحرا پر خموشی چھا گئی
دل کے نغمے کارواں در کارواں چپ ہو گئے

ہم بھی کچھ کہنے کو تھے اے عندلیبان بہار
باغ بس چلتی جو دیکھیں آندھیاں، چپ ہو گئے

دوستوں کی طبع نازک پر گراں ہے عرضِ غم
ہم کو ہے پاسِ مزاجِ دوستاں، چپ ہو گئے

جان جاتی نہیں دم نکلتا نہیں، یعنی تلخاب غم کام کرتا نہیں
یہ گراں جانیاں میرے بس کی نہیں، اور یاروں کو شکوہ کہ مرتا نہیں

نہ بہ تہ دل کے پردوں پہ ہے نقش گر، تیرے گیسو کی شب، تیرے رخ کی سحر
دردِ فرقت کے آداب روشن ہوئے، داغ جاتا نہیں، زخم بھرتا نہیں

سب رفیقانِ رہ کارواں کارواں، گلشنِ خوش دلی کی ہوس میں رواں
یہ گزرگاہِ دشتِ وفا ہے یہاں کوئی بھولے سے بھی پاؤں دھرتا نہیں

دیکھنا ہمدمو! خیلِ اہلِ جنوں، اُن کے ہونٹوں پہ آہیں، نہ آنکھوں میں خوں
یہ نیا قافلہ دردمندوں کا ہے، درد کے راستوں سے گزرتا نہیں

ساغرِ زہر بخشے گئے پے بہ پے، سینہ شق ہو گیا میرا مانندِ نے
برسرِ قہر ہیں مجھ سے جمشید و کے، بر سبیلِ شکایت کہ ڈرتا نہیں

جوئے خوں کار فرما ہے اے دیدہ ور، رنگ کی موج سو روپ دھارے مگر
روئے خوب نگاراں سنورتا نہیں، رنگ فصل بہاراں نکھرتا نہیں

اس جگہ زندگی کو کھلی مات ہے، یہ فسون خرد کا طلسمات ہے
سانس لیتے ہیں پتلے یہاں کاٹھ کے، کوئی جیتا نہیں کوئی مرتا نہیں

شہر غم سے بلاوا جنہیں آگیا، پڑ گئیں ان کے پاؤں میں کیا بیڑیاں
شاد و آباد ہے ساحل آرزو، کیا تماشا ہے کوئی اترتا نہیں

روزن نور سے ایک طالع ہے دل جس سے عابدؔ ہے بزم تماشا خجل
یوں ابد تا ابد بحر ظلمات ہے، کوئی سورج یہاں سے ابھرتا نہیں

پھر نمودِ شبِ ہجراں ہے خدا خیر کرے
گیسوئے یار پریشاں ہے خدا خیر کرے

کیا بنے گا ترے جلوؤں کی فراوانی کا
اک مرا دیدۂ حیراں ہے خدا خیر کرے

غمِ کونین کہاں جائے گا اے دیدہ ورو!
اک مرا گوشۂ داماں ہے خدا خیر کرے

اب صدا ساز کی خاموش ہے اے نغمہ گرو!
اب کوئی درد، نہ درماں ہے خدا خیر کرے

لے میں آتی تھی جو ہونٹوں پہ وہی آہِ رسا
آج سینے میں پرافشاں ہے، خدا خیر کرے

ہشیار دوستو ہمیں نیند آگئی کہ ہیں
افسانۂ خیال بہ پایاں رسیدہ ہم

تیغ و تبر ہمیں پہ چلائے گئے کہ تھے
جانِ بہار صورت سرو کشیدہ ہم

سیلاب خاک و خوں میں بہائے گئے کہ تھے
رمز نشاط مثل گل نو دمیدہ ہم

مدت سے ہیں دوراہے پہ امید و یاس کے
حیراں مثال آہوئے صیاد دیدہ ہم

پتھرا چکے تھے دیر سے آنکھوں کے آئینے
کیا تم نے کہہ دیا کہ ہوئے آب دیدہ ہم

سازِ خیال چھیڑ کے سن لیجئے ہمیں
محفل میں ہیں متوجّ صوتِ شنیدہ ہم

○

گلوں کی خوں شدگی کو شگفتگی نہ سمجھ
ہجوم رنگ سے اندازہ بہار نہ کر

کچھ احترام بھی کر غم کی وضع داری کا
گراں ہے عرض تمنا تو بار بار نہ کر

وہ اور پرسش اہل وفا فریب نہ کھا
دل اور ترک غم یار اعتبار نہ کر

خزاں کے سینکڑوں منظر ہیں اے فریب خیال
طلوع صبح بہاراں کا اعتبار نہ کر

○

لالۂ رنگیں سے روشن ہے شبستانِ بہار
لالۂ رنگین کہ ہے شمع فروزانِ بہار

لالہ و گُل کی قبائے گوہریں ہے چاک چاک
دستِ گستاخِ صبا ہے اور دامانِ بہار

کیسی کیسی بجلیاں چمکیں بہ عذرِ برشگال
کیسی کیسی آندھیاں آئیں بہ عنوانِ بہار

ہم صفیرو کچھ ادھر کا بھی اشارہ چاہیئے
ہم نوا پرواز ہوتے ہیں بہ فرمانِ بہار

"گورا گورا ان کا مکھڑا چاندنی کا جیسے پھول"
نور ہے پیرایۂ طاقِ شبستانِ بہار

جو برستا تھا سر شاخ نشیمن بادل
میں نے بجلی کو بھی آسودہ وہیں دیکھا تھا

کیا ہوا دیدہ ورو قافلۂ فصل بہار
خیمہ زن صحن گلستاں میں کہیں دیکھا تھا

رات کو خواب میں شیریں کے شبستاں میں کہیں
نقش فرہاد کو اورنگ نشیں دیکھا تھا

ہاتھ کاٹے گئے میرے کہ بصیرت نے مری
ہر رگ سنگ میں بت خانۂ چیں دیکھا تھا

کیا تماشا ہے کہ شیریں سخنی شرط نہ تھی
جب لب و لعل کو دیکھا شکریں دیکھا تھا

آج پابند زمیں ہے وہی رہوار خیال
جسے یاروں نے سر عرش بریں دیکھا تھا

○

عابدؔ نغمہ سرا یاد آیا
آج کیا جانئے کیا یاد آیا

دیکھ لو ہمسفرو! کانٹوں کو
ایک ہیں آبلہ پا یاد آیا

مجھے سمجھایا کے سبھی ہار گئے
تمہیں دیکھا تو خدا یاد آیا

○

نازآفریں ہیں میری نگاہیں
سونی پڑی ہیں اب جلوہ گاہیں

دشت جنوں سے ہو کر گئی ہیں
شہر بتاں کی سب شاہراہیں

یا صبح عارض یا شام گیسو
دو رہ گئی ہیں دل کی پناہیں

چاہت ہے جن کی جینے کی ضامن
سب چاہتے ہیں ان کو نہ چاہیں

بربادیوں میں کیا کچھ کسر تھی
کیوں لڑ گئی تھیں ان سے نگاہیں

O

ان میں پنہاں تھی کبھی تمکین وحشت کی بہار
اب بھی بازو نہیں اُٹھتے ہیں ماتم کے لئے

پیچ و تاب عاشقی سے مضطرب ہوں رحم کر
زلفِ پُرخم کے لئے۔ گیسوئے برہم کیلئے

عرضِ غم پر ان کی آنکھوں میں ہے وحشت کی جھلک
اِک غزالِ مشکبو تیار ہے رم کے لئے

O

خوشبو بھی ہے سُرور بھی میرے شباب میں
پیتا ہوں مے گلاب ملا کر شراب میں

دھوکا ہے مجھ کو شام پہ صبح بہار کا
تم اور میرے پاس شب ماہتاب میں

○

موجِ حسن جاری ہے ان کے جسمِ رنگیں سے
نورِ مے نمایاں ہے ساغرِ بلوریں سے

بے خودی پہ مرتا ہوں، مے کشی سے ڈرتا ہوں
اخذِ کیف کرتا ہوں خوشہ ہائے پرویں سے

رہ گیا نگاہوں پر انحصارِ گویائی
جل گئی زباں عابد ان کی برقِ تمکیں سے

---

اے شعلۂ عشق خاک کر ڈال مجھے
آلودۂ غم ہوں پاک کر ڈال مجھے

یہ سچ ہے کہ ہوں دفترِ بے معنی ہوں
بے سود سمجھ کے چاک کر ڈال مجھے

۸۔ شوق سے خود جو مرے راہ نما ہوتے ہیں ۵۴
۹۔ دشتِ ایمن سے چلے کوئے بُتاں تک پہنچے ۵۷
۱۰۔ چین پڑتا ہے دل کو آج نہ کل ۶۱
۱۱۔ کاروانِ گُل و ریحاں گذرے ۶۵
۱۲۔ جینے کا شعور جاں گسل تھا ۶۸
۱۳۔ محفل فروز جلوۂ جاناں نہ ہو چکا ۶۹
۱۴۔ بہر صورت یہ روشن ہے کہ پروانوں پر کیا گزری ۷۱
۱۵۔ کیا مقام بلند رکھتا ہوں ۷۳
۱۶۔ نشتر کی نوک دل میں اتارے چلے گئے ۷۵
۱۷۔ یہ کیا طلسم ہے دنیا پہ بار گزری ہے ۷۷
۱۸۔ سازِ ہستی کی صدا عرشِ بریں تک پہنچے ۷۸
۱۹۔ چاند تاروں سے کیا پوچھوں کب دن میرے پھرتے ہیں ۸۱
۲۰۔ رُخِ ماہتاب روشن لب لعل یار خنداں ۸۳
۲۱۔ تمھاری چشمِ سخن ساز کے اشاروں پر ۸۵
۲۲۔ (ا) کوششیں ترک محبّت کی ہیں ناکام ابھی ۸۷
(ب) محروم التفات رہی گُشتت آرزو
(ج) جس نے شبِ حیات کو دی نُور کی مہک
۲۳۔ (ا) کسی کے آسرے پر زندگی گزری نہ گزرے گی ۸۹
(ب) عزیزوں پہ کیا ضبط کا راز کھولیں
(ج) یارب چمن کی خیر کہ آندھی ہے تند و تیز
۲۴۔ مہک رہا ہے چمن ہنس رہے ہیں گُل بوٹے ۹۱

۲۵۔ گھونٹوں سے کہ ہم طبع سادہ رکھتے ہیں ۹۲
۲۶۔ دل کے مٹنے کا نشاں رہتا ہے ۹۴
۲۷۔ بہت لکھی ہے غزل ماہ پیکروں کے لیے ۹۶
۲۸۔ ساز و آواز پہ کیا گزرے گی ۹۹
۲۹۔ دل ہے آئینۂ حیرت سے دوچار آج کی رات ۱۰۱
۳۰۔ واعظِ شہر خدا ہے مجھے معلوم نہ تھا ۱۰۵
۳۱۔ بس کر اے دردِ مجبوری ۱۰۹
۳۲۔ خُم کو پہچان جام کو پہچان ۱۱۱
۳۳۔ آئی سحر قریب تو مَیں نے پڑھی غزل ۱۱۳
۳۴۔ ہر پھول داغدار ہے اب سوچنا پڑا ۱۱۵
۳۵۔ سب کے جلوے نظر سے گزرے ہیں ۱۱۷
۳۶۔ گلشن میں خوں رواں تھا یا مَیں نے خواب دیکھا ۱۲۰
۳۷۔ کھوئے گئے جمال کی تابانیوں میں ہم ۱۲۲
۳۸۔ چاک دامن مجھے سینا ہوگا ۱۲۵
۳۹۔ صبح تک رقص کناں بنتِ عنب دیکھیں گے ۱۲۸
۴۰۔ اٹھا مینائے مے ساقی بڑے نازک مقام آئے ۱۳۰
۴۱۔ چپ بھی ہے ناگوار دُنیا کو ۱۳۱
۴۲۔ بہاراں ہے فریب آشکارا ہم نہ کہتے تھے ۱۳۳
۴۳۔ ہوائے تیز پر افشاں ہے دیکھیے کیا ہو ۱۳۵
۴۴۔ دل کو اس کا یقین ہے کیا کیجے ۱۳۸
۴۵۔ وہ کسی پر جفا نہیں کرتے ۱۴۲

۴۶۔ گلزار دیکھے صحرا کھنگالے ۱۴۴
۴۷۔ گل کی خو نہیں، جگ کی یاد آئی ۱۴۷
۴۸۔ کچھ خاک رہگذار تھے کچھ داغدار تھے ۱۵۰
۴۹۔ زہراب ہو عطا کہ مئے لالہ گوں ملے ۱۵۳
۵۰۔ نیند میری اُچٹ گئی کل رات ۱۵۵
۵۱۔ آج صحنِ چمن قفس ہے مجھے ۱۵۷
۵۲۔ نغمہ پیرا ہوں خوشنوا تو سہی ۱۵۹
۵۳۔ مے ہو ساغر میں کہ خوں رات گزر جائے گی ۱۶۲
۵۴۔ دیکھتے ہو مرے اشعار میں صاحب نظراں ۱۶۵
۵۵۔ خوں فشاں دستِ صبا دیکھا ہے ۱۶۸
۵۶۔ موج مرصر ہو پر افشاں تو خطا میری ہے ۱۶۹
۵۷۔ نیشہ پیوست جگر ہے ساقی ۱۷۱
۵۸۔ ہم، بنِ غمِ یار بھی جیتے ہیں ۱۷۴

## ۲۔ یک نیستاں نالہ

### نظمیں، مسلسل غزلیں، رُباعیات

۱۔ تقاریب ۱۷۹
۲۔ بہاریہ ۱۸۸
۳۔ کیفیت بہ نسبتِ رنگ ۲۰۲
۴۔ سراپا ۲۰۶
۵۔ شالامار باغ کشمیر ۲۱۶

۳۔ نورِ مہتاب کا دیکھا جو غبار ۲۹۱
۴۔ جلتی رہے گی مشعلِ مہتاب رات بھر ۲۹۲
۵۔ اثر کا نام نہ لو دوستو! خدا کے لیے ۲۹۴
۶۔ عجب نہیں جو محبت مری سرشت میں ہے ۲۹۵
۷۔ دن ڈھلا، شام ہوئی، پھول کہیں لہرائے ۲۹۶
۸۔ دیکھنا طوفانِ برق و باد و باراں دیکھنا ۲۹۸
۹۔ جبینِ تمنا کی تابانیاں ہیں ۲۹۹
۱۰۔ بے کراں درد کی دولت کبھی ایسی تو نہ تھی ۳۰۱
۱۱۔ آؤ اُن کے لعلِ افسوں ساز کی باتیں کریں ۳۰۴
۱۲۔ کیوں نہ گلزار میں ہو میری نوا آوارہ ۳۰۶
۱۳۔ پاسِ ناموسِ وفا ہے اب تک ۳۰۷
۱۴۔ شب کی صبر آزمائیاں توبہ ۳۰۸
۱۵۔ غمِ دل کی جو شکایت کی ہے ۳۰۹
۱۶۔ کیا بتائیں بیٹھے بیٹھے بات کیا یاد آگئی ۳۱۱
۱۷۔ ہائے اس جانِ تمنا سے ملاقات کا دن ۳۱۳
۱۸۔ ملتا نہ اگر لعلِ سخن گو کا سہارا ۳۱۶
۱۹۔ توجہ تیری تمہیدِ ستم یوں بھی ہے یوں بھی ہے ۳۱۷
۲۰۔ مدت کے بعد آئے ہیں اے راہ بر جہاں ۳۱۹
۲۱۔ ساقی صبح کا تارا نکلا بزم طرب ہے درہم برہم ۳۲۰


## غزلیات


۲۲۔ یا نوائے آتشیں عابد غزل خوانوں کے ساتھ ۳۲۳

۴۴۔ ریت کی طرح کناروں پہ ہیں ڈرنے والے ۳۶۲

۴۵۔ شبِ نشاط، یہ عذرِ قدومِ یار برس ۳۶۴

۴۶۔ رنگ سے رمزِ نور تک پہنچے ۳۶۷

۴۷۔ غزالانِ معنی کا رم دیکھتے ہیں ۳۶۹

۴۸۔ مَیں نے جس دن تجھے اے دشمنِ دیں دیکھا تھا ۳۷۱

۴۹۔ دل نہیں پاس کہ تھا جانِ غزل ۳۷۳

۵۰۔ عابد نغمہ سرا یاد آیا ۳۷۴

۵۱۔ ہر ایک پھول گلِ نیلوفر ہے کیا کہیئے ۳۷۵

۵۲۔ ناز آفریں ہیں میری نگاہیں ۳۷۷

۵۳۔ دُرِ نایاب معانی نے کیا مجھ سے گریز ۳۷۸

۵۴۔ بیتابیٔ عاشقی ہے باقی ساقی ۳۷۹

۵۵۔ ان میں پنہاں تھی کبھی تمکینِ وحشت کی بہار ۳۸۰

۵۶۔ کلیم اللہ بھی ہیں، مَیں بھی ہوں، طورِ محبت پر ۳۸۱

۵۷۔ موجِ حسن جاری ہے ان کے جسمِ رنگیں سے ۳۸۲

۵۸۔ تلخیٔ عشق دل میں ہے غم مری آب و گل میں ہے ۳۸۳

۵۹۔ عکس بردارِ حُسنِ یار کہیں ۳۸۴

۶۰۔ تھی مدتوں نصیب اسے تیری دوستی ۳۸۵

۶۱۔ ازل سے دردِ سر بخشا گیا ہے ۳۸۶

۶۲۔ وہ پُروا کے جھونکے وہ آنچل کا لہرا ۳۸۸

۶۳۔ کبھی سر جھکایا کبھی مُسکرائے ۳۸۹

۶۴۔ دن ڈھلا شام ہُوئی پھُول کہیں لہرائے ۳۹۰

۶۵۔ داستانِ عرضِ غمِ یار تک آ پہنچی ہے ۳۹۱

ایسی سحر انگیز بھی اور اندازِ بیان نے ایسا دل نشیں کہ پتہ ہی نہیں چلتا تھا کہ لیکچر کب شروع ہُوا اور کب ختم ہُوا۔

**عابد** صاحب کے اسلوبِ شعر کے بارے میں ناقدین نے بہت کچھ لکھا ہے اور لکھتے رہیں گے۔ اس مختصر تحریر میں ان کے شعورِ تخلیق کا احاطہ کرنا نہ تو ممکن ہے اور نہ ہی مطلوب۔ ہاں یہ کہتا چلوں کہ آپ کو ان کے ہاں کلاسیکل اور جدید شاعری کا ایسا حسین امتزاج ملے گا کہ باید و شاید لفظ کا احترام اور اس کے جمال کا شعور عابد صاحب کی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے۔ موسیقی سے لگاؤ نے ان کی شاعری کو ایسی غنایت عطا کی ہے جو آپ کو اُن کے ہم عصر شعرا میں بہت کم ملے گی۔

منظُور الٰہی

لاہور ۱۰ جنوری ۱۹۹۳ء

# سیّد عابد علی عابد

(۱۹۰۶ — ۱۹۷۱)



ابتدائی تعلیم ڈیرہ اسماعیل خان، اس کے بعد کی تعلیم ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی لاہور، کچھ عرصہ وکالت کی پھر دیال سنگھ کالج لاہور میں ملازم ہوگئے جہاں آخری سات برس پرنسپل کی حیثیت سے کام کیا۔ بعد میں مجلس ترقی ادب میں مدیر صحیفہ اور تصنیف و تالیف کے کام پر مامور رہے۔

بنیادی تصانیف: اصولِ انتقادِ ادبیات، شعرِ اقبال، تلمیحاتِ اقبال، البیان البدیع (انتقاد) شبِ نگار بندان، بریشم عُود (شعری مجموعے)، داستانِ فلسفہ، میراثِ ایران، بشر ہے کیا کہیے، داستان (تراجم)، حجاب زندگی، طلسمات، قسمت (افسانے)، دُکھ سُکھ اور سہاگ، شمع، چاندنی (ناول)، یدِ بیضا، رُوپ متی باز بہادر، اُما (ڈرامے)۔

تعلیم و تدریس کے سلسلے میں خاصا کام کیا۔ مختلف جماعتوں کے نصاب تحریر کیے۔ ایک فارسی گرائمر تالیف کی جو تین زبانوں میں ہے (انگریزی، فارسی، اُردو)

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، تاریخ فکر اسلامی (انگریزی) میں مقالات تحریر کیے۔

ISBN 969-35-0181-0